سوال

(17) جنتی عورت کا جنت میں خاوند؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مردوں کے لیے جنت میں حوروں کا ذکر آیا ہے، تو عورتوں کے لیے کیا ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کے بارے میں فرمایا ہے :

وَلَكُم فيها ما تَشتَهىٰ أَنفُسُكُم وَلَكُم فيها ما تَدَّعونَ ٣١ نُزُلًا مِن غَفورٍ رَحيمٍ ٣٢ ... سورة حم السجدة

''اور تمہارے لیے اس جنت میں وہ کچھ ہے جو تمہارا جی چاہے گا اور وہ کچھ ہوگا جو تم مانگو گے، مہمانی ہوگی بخشنے والے مہربان کی طرف سے۔''

اور فرمایا :

وَفيها ما تَشتَهيهِ الأَنفُسُ وَتَلَذُّ الأَعيُنُ وَأَنتُم فيها خـٰلِدونَ ٧١ ... سورة الزخرف

''اور اس میں وہ کچھ ہے جو جی چاہیں گے اور آنکھوں کو لذت ملے اور تم ان میں ہمیشہ رہو گے۔''

اور معلوم و معروف ہے کہ زواج (نکاح اور شادی) انسان کی سب سے بڑی طبعی خواہش ہوتی ہے اور یہ جنت میں اہل جنت کو حاصل ہوگی وہ مرد ہوئے یا عورتیں۔ عورت کو جنت میں وہی شوہر ملے گا جو اس کا اس دنیا میں تھا۔ جیسے کہ اللہ نے فرمایا ہے :

رَبَّنا وَأَدخِلهُم جَنّـٰتِ عَدنٍ الَّتى وَعَدتَهُم وَمَن صَلَحَ مِن ءابائِهِم وَأَزوٰجِهِم وَذُرِّيّـٰتِهِم إِنَّكَ أَنتَ العَزيزُ الحَكيمُ ٨ ... سورة المؤمن

''فرشتے دعائیں کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب! اور داخل کر ان کو ہمیشہ کے باغوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جو کوئی نیک ہو ان کے باپوں میں اور عورتوں میں اور اولاد میں، بیشک تو زبردست ہے حکمت والا ہے۔''

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 50

محدث فتویٰ